**کل نمبر:25** — **اُردو (ہفتم) ٹیسٹ نمبر 1** — **وقت: 25 منٹ**

| | |
|---|---|
| پہلا مہینا، چوتھا ہفتہ، پانچواں دن | **سلیبس**: دہرائی ٹیسٹ |

**(حصہ اوّل)**

**سوال نمبر1: درج ذیل میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔** **(13)**

**1۔ ایک خاتون کا معاشرے کے لیے متحرک اور فعال کردار ہی ملک و ملت کی ترقی کا:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | منھ بولتا ثبوت ہے | (ب) | مسئلہ ہے | (ج) | ضامن ہے | (د) | جواز ہے |

**2۔ ارفع کریم کو نوازا گیا:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | تمغائے جرأت سے | (ب) | تمغائے حُسن کارکردگی سے |
| (ج) | تمغائے امتیاز سے | (د) | تمغائے بسامت سے |

**3۔ ڈاکٹر رُتھ فاؤ نے جذام کے خاتمے کے لیے اپنی زندگی کے کم و بیش قیمتی سال خرچ کر دیے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | ۴۰ سال | (ب) | ۵۰ سال | (ج) | ۶۰ سال | (د) | ۷۰ سال |

**4۔ گرامر کی رو سے ''امر'' کا معنی ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | حکم | (ب) | نصیحت | (ج) | عمل | (د) | ارادہ |

**5۔ ''دوشیزہ'' کا معنی ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | عاقل لڑکی | (ب) | عالم لڑکی | (ج) | کنواری لڑکی | (د) | جاہل لڑکی |

**6۔ کے۔ٹو سر کرنے والی پہلی کوہ پیما خاتون کا نام ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | محترمہ بلقیس ایدھی | (ب) | ارفع کریم | (ج) | مریم مختار | (د) | ثمینہ بیگ |

**7۔ کاروبارِ زندگی مفلوج ہونے کے سبب صورت حالی تھی:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | بہتر | (ب) | مایوس کُن | (ج) | پُر امید | (د) | پریشان کُن |

**8۔ درج ذیل میں فعل نہی کے جملے کی نشان دہی کریں:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | ندیم نے خط لکھا۔ | (ب) | سلیم نے سبق یاد کیا۔ |
| (ج) | احمد کھانا کھاتا ہے۔ | (د) | درخت پر مت چڑھ۔ |

**9۔ ''غالب'' کا متضاد ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | عاقل | (ب) | مغلوب | (ج) | غلبہ | (د) | گلشن |

**درج ذیل عبارت پڑھ کر سوالات کے جواب دیں۔**

بلندیوں کو چھو لینے کی انسانی خواہش ایک فطری خواہش ہے۔ ۱۹ رستمبر ۱۹۹۰ء کو وادی شمشال (گلگت بلتستان) کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں پیدا ہونے والی بچی جس کا بچپن سادگی سے ماں کے گھر کے کاموں میں مدد کرنے اور ریوڑ ہانکتے گزرا۔



کسے خبر تھی کہ بڑے ہو کر قوم کی یہ بیٹی ناقابلِ یقین کارنامے انجام دے کر پاکستان کا پرچم دنیا بھر میں سربلند کر دے گی۔ ۱۹ رمئی ۲۰۱۳ء کو صرف اکیس سال کی عمر میں دنیا کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ (نیپال) سر کر کے ثمینہ خیال بیگ نے پاکستان کی واحد اور کم ترین خاتون کوہ پیما ہونے کا اعزاز حاصل کر لیا۔

**10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | محسنِ پاکستان | (ب) | ملکی ترقی میں خواتین کا کردار |
| (ج) | کم سِن شہید | (د) | مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا |

**11۔ ثمینہ بیگ گلگت بلتستان میں پیدا ہوئیں:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | ۱۹ رجون ۱۹۹۰ء کو | (ب) | ۱۹ رجولائی ۱۹۹۰ء کو |
| (ج) | ۱۹ راگست ۱۹۹۰ء کو | (د) | ۱۹ رستمبر ۱۹۹۰ء کو |

**12۔ ''ہانکتے'' کا معنی ہے:**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | روکنا | (ب) | چلنا | (ج) | پکارنا | (د) | سنبھالنا |

**13۔ ثمینہ بیگ نے کتنی عمر میں چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ کو سر کیا؟**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | بیس سال کی | (ب) | اکیس سال کی | (ج) | بائیس سال کی | (د) | تئیس سال کی |

**حصہ دوم اور حصہ سوم میں سے ایک ایک سوال پوچھا جائے گا تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے (6) نمبر ہوں گے۔**

**(حصہ دوم)**

**سوال نمبر1: ''ورزش کے فائدے'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔** **(6)**

**(حصہ سوم)**

**سوال نمبر1: والدہ صاحبہ سے تفریحی سفر پر جانے کی اجازت لینے کے لیے خط لکھیں۔** **(6)**

1